زچگی کی اموات کے تدارک کیلئے شعور بیداری پر زور

میڈیکل آفیسرس کو چوکنا رہنے کی ہدایت۔ ضلع کلکٹر محبوب نگر کا جائزہ اجلاس



محبوب نگر، 21/جون (ایس این بی)محبوب نگر ضلع کلکٹر بی وجیند رابوئی نے آج جمعہ کو مربوط کلکٹریٹ دفتر کے کانفرنس ہال میں زچگی کی اموات کا جائزہ لیا، اور کہا کہ ضلع میں زچگی کی اموات کو روکنا چاہیے، کلکٹر بی وجیند رابوئی نے اجلاس سے کہا کہ حاملہ خواتین بچے کی پیدائش کے دوران مختلف وجوہات کی وجہ سے مر رہی ہیں ان کا صحیح وقت پر بہتر علاج فراہم کرتے ہوئے ان کا خیال رکھنا چاہیے، کلکٹر نے تجویز دی کہ طبی علاج فراہم کرنے میں ڈاکٹرس لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں اور طبی عملے کو زچگی کی اموات کو روکنے کے لیے مناسب تربیت اور آگاہی کے پروگرام منعقد کیے جائیں، ضلع کلکٹر نے کہا کہ ضلع میں سال 2021-22 میں 27، سال 2022-23 میں 11،، سال 2023-24 میں 11 زچگی کی اموات ہوئی ہیں، ان اموات کے لیے کہا جاتا ہے کہ یہ بچے کی پیدائش سے متعلق وجوہات یا دیگر وجوہات کی وجہ سے ہوا ہے، جائزہ میں طبی حکام اور متوفی کے اہل خانہ سے موت کی وجوہات اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں پوچھا گیا، انہوں نے کہا کہ میڈیکل آفیسرز وقتاً فوقتاً مناسب ہدایات اور مشورے دیں، صحیح وقت پر ادویات فراہم کریں اور حاملہ خواتین کو غذائیت کے بارے میں آگاہی دیں، ڈیلیوری کے بعد ہر کیس کی نگرانی کی جانی چاہیئے، انہوں نے کہا کہ آئی ڈی ڈی کیسز پر خصوصی توجہ دی جائے، سنگین کیسز کی صورت میں میڈیکل افسران کو چوکنا رہنے اور دستیاب رہنے کی ہدایت دی، اس جائزے اجلاس میں لوکل باڈیز کے ایڈیشنل کلکٹر شیو یندر پرتاپ، میٹرنل ہیلتھ کیئر پروگرام آفیسر ڈاکٹر بھاسکر نائک، ڈسٹرکٹ میڈیکل ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کرشنا، ڈسٹرکٹ ہسپتال کے سپر نٹنڈنٹ ڈاکٹر جیون، زچگی کی دیکھ بھال کے مرکز ایچ او ڈی ڈاکٹر رادھا، آئی ایم اے صدر ڈاکٹر رام موہن، میڈیکل آفیسرز، اے این ایم، اشا و دیگر موجود تھے۔

طلبہ، حکومت کی سہولیات سے مستفید ہوں: ضلع کلکٹر ستہ پرساد

جگتیال 21 جون (ایس این بی)، ضلع کلکٹر ستہ پرساد نے اماں آدرش اسکول پروگرام کے طور پر دھرور کیمپ میں کستوربا گاندھی گرلز ودیالیہ، پرانی پیٹ کے گورنمنٹ ہائی اسکول، ہنماجی پیٹا کے پرائمری اسکول، لسٹ پور کے ضلع پریشد سیکنڈری اسکول اور پارکپلی کے ایم پی پی ایس اسکول کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کلکٹر نے کہا کہ اماں آدرش اسکول کے حصہ کے طور پر منظور شدہ کاموں کو معیار کے ساتھ تیزی سے مکمل کیا جانا چاہئے۔ ان کاموں کے ایک حصے کے طور پر طلباء میں یونیفارم اور درسی کتابیں تقسیم کی گئیں یا ان سے دریافت کیا گیا۔ اسی طرح طلباء سے ان کی حاضری کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ باقاعدگی سے اسکول آرہے ہیں یا نہیں۔ کلکٹر نے جانچ پڑتال کی کہ آیا اسکولوں میں وقتاً فوقتاً کم سے کم انفراسٹرکچر اور بیت الخلاء کو صاف رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں ہر طالب علم پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور ڈیجیٹل کلاس رومز بنائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم و تدریس کے لیے کوششیں اس طرح کی جائیں کہ طلبہ سو فیصد ترقی کرسکیں۔ اس پروگرام میں آر ڈی او مدھوسودن، ڈی ای او جگن موہن ریڈی، مختلف محکموں کے عہدیداروں اور دیگر نے شرکت کی۔

حلقہ اسمبلی دیورکدرہ کیلئے ڈگری کالج کی منظوری

طلباء کے دیرینہ خواب کی تکمیل۔ رکن اسمبلی مدھوسدن ریڈی کا انتخابی وعدہ پورہ

محبوب نگر، 21/جون (ایس این بی)ایم ایل اے جی مدھوسودن ریڈی نے گزشتہ انتخابات کے دوران دیوراکدرا حلقہ اسمبلی میں ڈگری کالج قائم کرنے کا وعدہ پورا کیا۔ اس تعلیمی سال (2025-2024) میں ایم ایل اے نے دیوراکدرا کو ڈگری کالج دیا ہے اور تعلیمی میدان کے تئیں اپنے اخلاص کا مظاہرہ کیا ہے۔ جی ایم آر ایم ایل اے نے ڈگری کالج کی منظوری دے کر اس خطہ کے طلباء کا خواب پورا کیا جو ماضی میں جب بھی انتخابات ہوئے دیوراکدرہ حلقہ میں انتخابی نعرہ رہا۔ ایم ایل اے کو ریاستی سکریٹریٹ میں ڈگری کالج کی منظوریوں سے متعلق بائیو کی ایک کاپی پرنسپل سکریٹری تعلیم برا وینکٹیش کے ہاتھ سے ملی۔ حلقہ کے لوگوں نے دیوراکدرا حلقہ کو ڈگری کالج دینے پر دیوراکدرا کے ایم ایل اے مدھوسودن ریڈی، ڈگری کالج دینے پر چیف منسٹر ریونت ریڈی، مالی اجازت دینے پر ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرمارکا، حکومتی مشیر یم نریندر ریڈی اور عہدیداروں سے اظہار تشکر کیا۔ ایم ایل اے جی مدھوسودن ریڈی، تانڈور ایم ایل اے منوہر ریڈی، ٹی پی سی سی کے سرکاری نمائندے گال ریڈی ہرش وردھن ریڈی اور دیگر نے پروگرام میں شرکت کی۔

یوگا بنیادی طور پر ایک ورزش۔ مذہب اور ذات سے تعلق نہیں

بھینسہ میں یوگا ڈے کے موقع پر منعقدہ پروگرام سے ماہرین یوگا و دیگر ذمہ داران کا خطاب

بھینسہ۔ 21/جون (ایس این بی) یوگا کسی بھی مذہب اور ذات سے منسلک نہیں بلکہ یوگا انسان کی صحت کیلئے انتہائی مفید اور بہت ہی فائدہ مند ہے موجودہ صورتحال میں آدمی عام مسائل سے بھی دلبرداشتہ ہوتے ہوئے ذہنی الجھنوں کا شکار ہوتا جارہا ہے اور سب سے مہلک مرض یعنی تناؤ (Stress) کیفیت میں مبتلا ہوتا جارہا ہا اور تناؤ کی کیفیت دور کرنے کیلئے یوگا انتہائی مفید اور کافی فائدہ مند ہے ان خیالات کا اظہار مختلف ذمہ داران جن میں ڈاکٹر دامودھر ریڈی صدر ڈاکٹرس اسوسی ایشن بھینسہ، بی گنگادھر سابقہ صدر نشین بلدیہ بھینسہ، ڈاکٹر رام کرشنا گوڑ، ڈاکٹر متیم ریڈی، ڈاکٹر مہیپال، رامیش مہاشٹی وار اور یوگا ماسٹرس کے علاوہ دیگر نے آج یوم عالمی یوگا کے مختلف مقامات پر منعقد کیئے جانے والے یوگا پروگرام کو مخاطب کرنے کے دوران کیا۔ مرکزی حکومت کی جانب یوم عالمی یوگا ڈے کے موقع پر گذشتہ دو سال قبل جاری کیئے تھے اس ضمن میں ہر سال کی اس سال بھی بھینسہ میں بھی مختلف خانگی مدارس کے طلباء کی جانب یوگا ڈے بھینسہ کے مختلف مقامات کیا گیا۔ اس موقع پر یوگا ماسٹر نے مختلف یوگا کے طریقوں سے طلباء کو واقف کروایا۔ دوران خطاب مختلف ذمہ داران نے یوگا کی اہمیت اور اس کی افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال میں سماج ہر طرف بے چینی کی کیفیت پائی جاری ہے لوگ سکون کی تلاش میں در بدر ٹھوکرے کھاتے پھر رہے ہیں۔ کیونکہ کئی کے طرح کے امراض سے انسان کو متاثر کرتے جارہے ہیں لوگ مایوسی کا شکار ہو کر تناؤ میں ہی اپنی زندگی کی گاڑی کو چلانے پر مجبور ہے انہوں نے کہا کہ ہر بیماری کی اصل وجہ اس کی سوچ اور تناؤ کی وجہ سے بڑھتی جاتی ہے ہمارے معاشرے میں اب کئی طرح کی بیماریوں نے انسان کو اپنی شکنجہ میں لیتی جارہی اور انسان ان بیماریوں سے بچنے کیلئے مارے مارے دوڑتے جارہے ہیں جبکہ دماغی سکون کے ذریعہ ہم ان بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں یوگا ایک قدیم اور بہت مفید حفاظتی دیوار ہے اگر انسان اس کو روز اپنی زندگی میں استعمال میں لائے تو آج کے یہ امراض اُس انسان کے قریب بھٹک بھی نہیں سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوگا کسی بھی ایک مذہب و ذات اور کسی کی نشانی کے طور پر نہیں ہے بلکہ یوگا انسان کی حفاظت کیلئے قدیم دور کے لوگوں اسکو استعمال کیا ہے جو آج کے دور کے انسانوں کیلئے بہت ہی کارآمد اور کارگر ثابت ہورہا ہے۔

نارائن ریڈی نے بحیثیت ایس پی وقارآباد ضلع عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا

تانڈور۔ 21/جون (ایس این بی) کے۔ نارائن ریڈی آئی پی ایس نے آج بحیثیت سپرنٹنڈنٹ آف پولیس وقارآباد ضلع اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ قبل ازیں دفتر ایس پی وقارآباد پہنچنے پر ایڈیشنل ایس پی یو۔ رویندر ریڈی اور ایڈیشنل ایس پی ڈی ٹی سی مرلی دھرنے کے۔ نارائن ریڈی آئی پی ایس کو گلدستے پیش کرتے ہوئے ان کا استقبال کیا بعد ازاں اے آر پولیس نے انہیں سلامی دی۔ اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرنے کے بعد ایس پی ضلع وقارآباد کے۔ نارائن ریڈی آئی پی ایس نے کہا کہ ضلع میں امن و امان کی برقراری انکی اولین ترجیح ہوگی اور عوام کو صاف و شفاف انتظامیہ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں گانجہ اور دیگر نشیلی اشیاء کی خرید و فروخت پر سخت نظر رکھی جائے گی اور گانجہ کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی ۔ساتھ ہی انہوں نے ضلع کے تمام پولیس عہدیداروں اور ملازمین کو ہدایت دی کہ وہ عوام کے لئے 24/ گھنٹے دستیاب رہیں اور ان کے مسائل حل کریں۔ نارائن ریڈی کی جانب سے عہدہ کا جائزہ حاصل کرنے کے بعد ضلع کے ڈی ایس پیز، سرکل انسپکٹران و سب انسپکٹران پولیس نے ان سے خیرسگالی ملاقات کرتے ہوئے انہیں گلدستے پیش کئے۔ اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی یو۔ رویندر ریڈی اور ایڈیشنل ایس پی ڈی ٹی سی مرلی دھر، ڈی ایس پیز وقارآباد، تانڈور اور پرگی سرینواس ریڈی کرونا ساگر اور بالا کرشنا ریڈی، انچارج ضلع ورٹیکل ڈی ایس پی جانیا، ڈی ایس پی اے آر ویریش اور دیگر شامل تھے۔ دوسری جانب ڈھائی سال تک ایس پی وقارآباد ضلع کی حیثیت سے بے داغ خدمات انجام دینے والے این۔ کوٹی ریڈی آئی پی ایس کی کل ایک پر اثر وداعی تقریب منعقد کی گئی جنہیں ترقی و تبادلہ پر ڈی سی پی میڑچل مقرر کیا گیا ہے۔

نظام آباد: جناب وراحت علی کو متفقہ طور پر تلنگانہ اسٹیٹ ورکنگ جرنلسٹس یونین ریاستی صدر اور جناب فیصل کو ریاستی نائب صدر منتخب کئے جانے پر ایم اے ماجد نمائندہ راشٹریہ سہارا نظام آباد و اسٹیٹ کونسل ممبر تلنگانہ اسٹیٹ ورکنگ جرنلسٹس یونین نے انہیں گلپوشی و شالپوشی کرتے ہوئے مبارکباد پیش کی اس موقع پر سی گنگا داس اسٹیٹ کونسل ممبر موجود تھے۔

رکن اسمبلی ڈاکٹر کلوا کنٹلا سنجے کی آبپاشی حکام سے جائزہ اجلاس

کورٹلہ 21 جون (ایس این بی) کورٹلہ رکن اسمبلی ڈاکٹر کلوا کنٹلا سنجے برسات کے پیش نظر محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ منعقد کی اور انہوں نے کہا کہ برسات کا موسم شروع ہوا ہے بہت سے مسائل پیش نظر ہے۔ رکن اسمبلی ڈاکٹر کلوا کنٹلا سنجے نے عہدیداروں کو اس جانب توجہ دیلائی۔ اور کہا کہ جو بھی کاز یر التوا ہے۔ انہیں فوری طور پر مکمل کیا جائے۔ اور اس موقع پر وظیفہ حسن خدمت پر سبکدوش ہونے والے آبپاشی ایس ای سرینواس کی پھول کا پودہ سے نوازا گیا، اور شال اڑھا کر تہنیت کی اور انکی خدمات کو سراہا گیا۔ اس پروگرام گرام میں اے ای وینکٹیشورلو، ایس آر ایس پی اے ای چکرا پانی، ڈی ای دیوانند، تروما ل، ارون اور دیگر اے ای موجود تھے۔

سٹی ملٹی اسپیشالیٹی ہاسپٹل میں 9 سالہ لڑکے کا کامیاب آپریشن



نظام آباد، 21/جون (ایس این بی) سٹی ملٹی اسپیشالیٹی ہاسپٹل بودھن روڈ کھوجہ کالونی نظام آباد میں آج ایک 9 سالہ لڑکے کا عجیب اور انوکھا آپریشن کیا گیا اس لڑکے کے پیشاب کی تھیلی میں (40mm) سے بھی زیادہ کا کنکر (اسٹون) جمع ہو گیا تھا جس کی وجہ سے بچہ کا پیشاب رک گیا تھا اور بے انتہا تکلیف سے دوچار تھا قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس بچہ کے ماں باپ نہیں ہے اور یہ بچہ اپنی نانی کے یہاں پرورش پا رہا تھا اس کی نانی بھی حال ہی میں فالج کے اثر سے دوچار ہے گھریلو حالت بھی نہایت خستہ حال ہے اس لڑکے کو گھر کے قریب میں موجود ایک مدرسہ کے ذمہ داروں نے سٹی ملٹی ہاسپٹل سے رجوع ہونے کا مشورہ دینے پر مینیجنگ ڈائریکٹر سٹی ملٹی ہاسپٹل محمد عبدالحمید نے ڈاکٹروں سے مشورہ کر کے اولین فرصت میں آپریشن کو انجام دیا۔ الحمد اللہ بچہ بعد آپریشن کے اب تیزی سے روبہ صحت ہورہا ہے۔ اس بچہ کو رضائے مصطفیٰ مدرسہ کے ذمہ داران جس میں قابل ذکر مولانا یٰسین، مولانا حمید اور ان کے رفقاء نے سٹی ملٹی ہاسپٹل رجوع کیا اور آپریشن میں مالی تعاون بھی کیا گیا۔ اس پورے آپریشن کو تیز رفتاری سے انجام دینے کیلئے محمد سعد اللہ پارٹنر سٹی ملٹی ہاسپٹل نے تمام عملے کو مبارکباد دی۔

ضلع کلکٹر و ایس پی جگتیال سے جواڑی نرسنگ راؤ کی ملاقات

کورٹلہ، 21/جون (ایس این بی) ریاستی حکومت کی جانب سے دو روز قبل بڑے پیمانے پر ضلع کلکٹرس اور ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس عہدیداروں کے تبادلے عمل میں لائے جن میں ضلع جگتیال کے عہدیدار بھی شامل ہیں انکی جگہ نئے عہدیداروں کو متعین کیا گیا جن میں بی۔ ستیا پرساد کو ضلع کلکٹر جگتیال اور اشوک کمار کو ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس متعین کیا گیا۔ ضلع کلکٹر و ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس کی جانب سے اپنے اپنے عہدوں کا جائزہ لینے پر جواڑی نرسنگ راؤ انچارج کانگریس پارٹی حلقہ اسمبلی کورٹلہ نے ان کے دفاتر جا کر ان سے ملاقات کی اور شال پوشی و گلدستہ پیش کرتے ہوئے ان کا ضلع جگتیال میں خیر مقدم کیا اس موقع پر جواڑی نرسنگ راؤ نے مختلف امور پر تفصیلی طور پر ضلع کے اعلی عہدے داروں سے بات چیت کی۔

جگتیال ضلع کلکٹر ستہ پرساد سے صدر نشین ضلع پرجا پریشد کی ملاقات



جگتیال 21 جون (ایس این بی) صدر نشین ضلع پرجا پریشد داوا وسنتا نے جگتیال ضلع کلکٹر ستہ پرساد سے خیرسگالی ملاقات کی اس موقع پر ان کے ساتھ بی آر ایس پارٹی کے یوتھ قائد داوا سریش موجود تھے انہوں نے ضلع کلکٹر کی شال پوشی کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔

مہندرا شوروم سے تھار گاڑی کا سرقہ

نظام آباد، 21/جون (ایس این بی) چوروں کی ہمت اتنی بڑھ گئی ہے کہ سڑکوں پر پارک کردہ گاڑیوں کے ساتھ ساتھ اب شوروم میں رکھی گئی گاڑیوں کا بھی سرقہ کر رہے ہیں۔ دنیا بھر میں مشہور تھار گاڑی کا شوروم سے سرقہ کر لئے جانے پر عوام میں حیرت و تشویش کا اظہار کیا جارہا ہے۔ ڈچپلی منڈل کے بردی پور کے نواح میں مہندرا شوروم واقع ہے جہاں سے تھار گاڑی کا سرقہ کرلیا گیا ہے شوروم منیجر سائی ناتھ نے بتایا کہ شوروم کے عقبی حصہ میں اسٹاک یارڈ پر نئی تھار گاڑی کو رکھا گیا تھا۔ چہارشنبہ کی رات 8:15 بجے نامعلوم چوروں نے فینسنگ کاٹ کر بلاک کلر تھار گاڑی کا سرقہ کرلیا۔ مہندرا شوروم کے اسٹاک یارڈ سے گاڑی نکالی گئی نزد واقع Kia شوروم کے سامنے سے مین روڈ پر گاڑی چلاتے ہوئے فرار اختیار کی گئی۔ مہندرا تھار گاڑی سرقہ کئے جانے کا انکشاف ہونے پر شوروم منیجر نے پولیس سے رجوع ہوتے ہوئے شکایت درج کرائی ہے سی سی کیمرہ کے ذریعہ سارقوں کی شناخت کی جارہی ہے۔

کھمم میں ایک شخص کی مشتبہ حالت میں خودکشی

حیدرآباد، 21 جون (آئی این این) سکریا نامی شخص نے کھمم ضلع کے کونچرلا منڈل کے میکلا کنٹا میں مشتبہ حالات میں خودکشی کرلی۔ معلوم ہوا کہ ساکریہ گاؤں میں ایک اور گروپ کے ساتھ زمین کے تنازعہ میں ملوث تھا۔ اس کے اہل خانہ نے الزام لگایا کہ پولیس کو ان کی جان کو لاحق خطرات کے بارے میں مطلع کرنے کے باوجود ان کی شکایات کو نظر انداز کیا گیا۔ اس کے جواب میں سکریا کے اہل خانہ نے کونچرلا پولیس اسٹیشن کے سامنے احتجاج کیا اور انصاف اور احتساب کا مطالبہ کیا۔ حکام مکمل تفصیلات سے پردہ اٹھانے کیلئے واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں۔

نظام آباد: اُردو اسکولوں میں اساتذہ کی کمی، تعلیم متاثر

اساتذہ کے فوری تقررات عمل میں لانے ایم اے حلیم کی حکومتی مشیر محمد علی شبیر سے نمائندگی

نظام آباد، 21/جون (ایس این بی) ایم اے حلیم سینئر کانگریس قائد نے حکومتی مشیر محمد علی شبیر سے ایک تحریری نمائندگی کی اور ایک محضر حوالے کرتے ہوئے پرزور مطالبہ کیا کہ تلنگانہ میں سرکاری اردو مدارس میں اساتذہ کی شدید قلت ہے۔ اساتذہ کی قلت کی وجہ سے طلبہ کی تعلیم متاثر ہورہی ہے۔ کئی سالوں سے اساتذہ کے تقررات نہیں کئے جارہے ہیں۔ اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے اردو میڈیم کے طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اساتذہ کی کمی کی وجہ سے کئی اردو مدارس کے بند ہونے کا خدشہ لاحق ہے۔ تلنگانہ میں اردو مدارس میں اساتذہ کی کمی کی وجہ سے اب تک جتنے بھی اردو اسکولس بند ہو چکے ہیں ان کو دوبارہ شروع کیا جائے۔ زیرو اسکولس کو دوسرے مقامات جہاں آبادی ہے جہاں فیڈنگ مل سکتی ہے وہاں شروع کیا جائے۔ ہر گاؤں میں تلگو میڈیم اسکولس کے ساتھ ایک اردو پرائمری اسکول شروع کیا جائے تاکہ اردو میں تعلیمی ترقی ہو سکے۔ ایم اے حلیم قائد کانگریس نے مطالبہ کیا کہ اساتذہ کے فوری تقررات کئے جائیں یا کم از کم ودیا والینٹرس کا تقرر کیا جائے اس کے علاوہ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری سطح پر اردو زبان کو فروغ دیا جائے۔ اردو ریاست تلنگانہ کی دوسری سرکاری زبان ہے لیکن اس کو عملی طور پر روبہ عمل نہیں لایا جارہا ہے۔ تمام سرکاری محکمہ جات کے سائن بورڈس پر اردو تحریر کو بھی شامل کیا جائے۔ اس کے علاوہ بسوں پر بھی اردو تحریر کو شامل کیا جائے اور محکمہ میں اردو کے چلن کو عام کیا جائے تاکہ اردو زبان کی ترقی ہوسکے۔ مسٹر ایم اے حلیم نے پرزور مطالبہ کیا کہ اردو کمپیوٹر سنٹرس کو بھی جلد از جلد شروع کیا جائے تاکہ مسلم نوجوانوں میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کی عصری تعلیم و ہنر میں دلچسپی پیدا ہوسکے اور روزگار سے مربوط ہوسکے۔ مسٹر ایم اے حلیم نے کہا کہ اردو میڈیم اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حکومت کو چاہئے کہ وہ پہلے کی طرح ودیا والینٹرس کی خدمات کو حاصل کرتے ہوئے اردو میڈیم اسکولس میں اساتذہ کی کمی کو پورا کریں اور طلبہ میں پھیلی بے چینی کا ازالہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اردو میڈیم اسکولس میں اساتذہ کے تقررات کیلئے نمائندگی کی جارہی ہے لیکن اساتذہ کی قلت کی وجہ سے اردو میڈیم اسکولس میں زیر تعلیم طلبہ کے مستقبل کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو میڈیم اسکولس میں اساتذہ کے تقررات کیلئے سنجیدگی سے نوٹ لیں اور ودیا والینٹرس کی خدمات حاصل کرتے ہوئے اس مسئلہ کی یکسوئی عمل میں لائیں۔ جس پر حکومتی مشیر محمد علی شبیر نے مثبت رد عمل کا اظہار کیا۔ اس موقع پر قائدین کانگریس سٹی صدر کیشو وینو، کریم الدین کمال و دیگر موجود تھے۔

یوگا، صحتمند سماج کی تعمیر کیلئے ضروری

کورٹلہ میں "10 واں یوم عالمی یوگا" کا انعقاد۔ یوگا گروروی کمار کا خطاب

کورٹلہ، 21/جون (ایس این بی) سماج کے تقریبا ہر فرد میں موجود مختلف اقسام کے امراض اور بیماریوں سے نجات اور صحتمند معاشرے کی تعمیر کیلئے یوگا بیحد ضروری ہے ان خیالات کا اظہار بدھا یوگا گروروی کمار نے شہر کورٹلہ کے گورنمنٹ جونیئر کالج گراؤنڈ میں " 10ویں یوم عالمی یوگا" کے موقع پر یوگا کلاسیس کے دوران یوگا اسٹوڈنٹس سے خطاب کرتے ہوئے انہیں دسویں یوم عالمی یوگا کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے انہوں نے کہا کہ روزآنہ یوگا کرنے سے انسان صحتمند، چست ہوتا ہے جبکہ لوگ یوگا ورزش نہ کرتے ہوئے اپنے جسم کو امراض کا مرکز بنالیتے ہیں اور علاج و معالجے کرتے ہوئے دواخانوں کے چکر لگاتے رہتے ہیں جبکہ لوگوں کو چاہیے کہ وہ روزآنہ یوگا ورزش کرتے ہوئے اپنے آپ کو امراض سے محفوظ رکھیں۔ انہوں کہا کہ تندرستی ہزار نعمت ہے اور انسان کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ چست تندرست رہنے کیلئے یوگا ورزش کرتے رہیں۔ انہوں نے سماج میں صحتمند تبدیلی لانے کیلئے زور دیتے ہوئے کہا کہ سماج میں صحتمند تبدیلی لانے کیلئے پہل کرتے ہوئے ہم خود اپنے آپ سے یوگا ورزش کرتے ہوئے اسکا آغاز کریں اور سماج کے لوگوں تک اسکو پھیلانے کیلئے دوسروں کو ترغیب دینے پر ہی سماج کے اند صحتمندی کی لہر دوڑے گی۔ اس موقع پر پنڈم گنیش وارڈ کونسلر 31، ضلع پریشد آفیسر سندر وردا راجن، کنٹلہ بھاسکر، راجا کنڈہ سرینواس، گڈلہ شریکانت، اٹیالہ شنکر، جکولہ پراوین، دیاونپلی نٹراج، ریکنٹہ پرساد، ردرنگی سرینواس، اندوری آنند، بنڈلہ شیکھر، راجا کنڈہ نریندرا اور دیگر موجود تھے۔

ونپرتی ضلع میں مشن بھگیرتا سروے مکمل کرنے کی ہدایت

ضلع کلکٹر ونپرتی آدرش سوربھی کا قلعہ گھن پور منڈل کا دورہ

ونپرتی، 21/جون (ایس این بی) کلکٹر آدرش سوربھی نے ونپرتی ضلع میں مشن بھگیرتا سروے کو مکمل کرنے کی ہدایت دی جمعہ کی صبح کلکٹر نے قلعہ گھن پور منڈل کے تحت گھن پور، جنگما یا پلی، پامیریڈی پلی اور سولی پور گاؤں میں مشن بھاگیرتا سروے کے کاموں اور سرکاری اسکولوں میں اماں آدرش اسکول کے کاموں کا اچانک معائنہ کیا متعلقہ اہلکاروں کو مشن بھگیرتا سروے کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی حکومت کا مقصد ہر گھر تک نل کا پانی پہنچانا ہے اور اس مقصد کے لیے سروے کو صحیح طریقے سے مکمل کیا جائے انہوں نے انجینئرنگ حکام کو ہدایت دی کہ سرکاری اسکولوں میں اماں آدرش اسکول کا کام تیزی سے مکمل کیا جائے۔ اسکولوں میں طلباء کے لیے کم سے کم سہولیات جیسے بیت الخلا، پینے کا پانی، لائٹس وغیرہ دستیاب کرائی جائیں پنچایتی راج کے ایگزیکیٹو انجینئر ملیہ، انجینئرنگ عملہ اور دیگر افسران کلکٹر کے ساتھ تھے۔

چیئرمین سیا فاؤنڈیشن ڈاکٹر سید امجد کا مثالی اقدام

غریب طالبہ سیدہ سمیرا کی میڈیکل کی تعلیم کیلئے مکمل کفالت کا اعلان

کلواکرتی، 21/جون (ایس این بی) سیا فاؤنڈیشن سداسیو پیٹ کے چیئرمین نے ایک غریب طالبہ کی ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کرنے تک پوری کفالت کی ذمہ داری لی تفصیلات کے مطابق سیدہ سمیرا مقام ماڈگل منڈل کلواکرتی جنہوں نے سینٹ میری ہائی اسکول ماڈگل سے دسویں جماعت میں 9.7 نمبر حاصل کیے غربت کی وجہ سے اگے کی تعلیم حاصل کرنے سے قاصر ہے والد صاحب کا چند سال قبل انتقال ہو چکا ہے ماں ایک اسکول میں آیا کا کام کرتے ہوئے گزر بسر کرتی ہیں ان کی اطلاع سیا فاؤنڈیشن کلواکرتی کے ذمہ دار محمد مقبول کو دی گئی انہوں نے فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر سید امجد صاحب کو اطلاع دی ڈاکٹر صاحب نے فوری طور پر طالبہ کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے طالبہ کی ڈاکٹر کی تعلیم حاصل کرنے کی خواہش کے مطابق سال اول کی مکمل فیس طالبہ کے حوالے کرتے ہوئے کلواکرتی میں منعقدہ ایک پروگرام میں ڈاکٹر سید امجد صاحب چیئرمین سیا فاؤنڈیشن سداسیو پیٹ سنگا ریڈی نے کہا کہ طالبہ نے بی این ریڈی حیدرآباد میں کرشناوینی کالج میں بائی پی سی میں داخلہ لیا ہے طالبہ کی خواہش ڈاکٹر بننے کی ہے میں تمام لوگوں کے سامنے وعدہ کرتا ہوں طالبہ کی ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کرنے تک تمام اخراجات کی ذمہ داری لیتا ہوں انہوں نے کہا کہ میری خواہش ہے یہ غریب طالبہ اپنی محنت اور لگن سے تعلیم حاصل کریں میں ایک سید ہوں میرا وعدہ قسم کے برابر ہے میں انشاء اللہ ان کی پوری کفالت کی ذمہ داری لیتا ہوں اس موقع پر کلواکرتی کے کئی سیاسی اور سماجی قائدین بھی موجود تھے۔

مسائل کی تکمیل کیلئے رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار سے نیشنل ہیلتھ مشن کے ملازمین کی نمائندگی

جگتیال 21 جون (ایس این بی) جگتیال رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار سے نیشنل ہیلتھ مشن کے آوٹ سورسنگ ملازمین نے ان سے رکن اسمبلی کیمپ آفس میں ملاقات کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے نیشنل ہیلتھ مشن کے چار ہزار ملازمین کو حکومت کے احکامات گورنمنٹ آرڈیننس نمبر 510 کے تحت شامل نہ کرتے ان آوٹ سورسنگ ملازمین کو ان کے کام کے مماثل تنخواہیں نہ دیئے جانے اور ملازمتوں کا عدم تحفظ ہونے پر اپنی جانب سے حکومت تلنگانہ کو نمائندگی کرتے ہوئے آوٹ سورسنگ ملازمین کو ان کے کام کے مماثل تنخواہوں کی اجرائی عمل میں لانے کے لئے اور اُنہیں ملازمتوں کا تحفظ کرنے کے لئے حکومت سے کامیاب نمائندگی کرنے کی اپیل کی گئی اس موقع پر ملازمین نے اپنا حال بیان کرتے ہوئے کہا کہ آوٹ سورسنگ ملازمین کا حال کافی ابتر ہے اور کام کے مماثل تنخواہوں کی عدم اجرائی پر مزید صورتحال خراب ہونے کا اندیشہ ہے اس موقع پر رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار نے کہا کہ وہ اس ضمن میں حکومت تلنگانہ سے کامیاب نمائندگی کرتے ہوئے ان آوٹ سورسنگ ملازمین کے مسائل کو حل کریں گے اس موقع پر نیشنل ہیلتھ مشن کے ملازمین اور دیگر موجود تھے۔